الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Urgent**

Name	:	**Umar**	Serial No	:	**20329**
Address	:	**Rawalpindi**	Date	:	**1/23/2014**
Subject	:	**QARZ**	Contact No:		
Writer	:	**عبد الولی فضل**	Email	:	

main 2 sawal poochna chahta hu k 1-agar koi shakhs intqal kar jaye or us par qarz ho. or qarz lene wala phle openly qarz muaf kar de or phir bato he bato main talb kare to kia qarz wajab-ul-ada hai ? 2-agar kisi shakhs ne qarza dena ho or intqal kar jaye or us k lawahiqeen qarz lene wale se request kar k yeh baqida khlwa lete hain k marhoom ko qarz maaf kar do hum qarz dain gy kuch arse bad to kia aise qarz marhoom k zime se maaf ho jaye ga or lawahiqeen k zime ho jaye ga?? Dono masail ka tafseeli jawab dain. Mashkoor

میں دو سوال پوچھنا چاہتا ہوں (۱) اگر کوئی شخص انتقال کرجائے اور اس پر قرض ہو اور قرض لینے والا پہلے واضح طور پر قرض معاف کردے اور پھر باتوں باتوں میں طلب کرے تو کیا قرض واجب الاداء ہے (۲) اگر کسی شخص نے قرضہ دینا ہو اور انتقال کرجائے اور اس کے لواحقین قرض لینے والے سے درخواست کرے کہ یہ باقاعدہ کہلوا لیتے ہیں کہ مرحوم کو قرض معاف کردو ہم قرض دیں گے کچھ عرصے بعد تو کیا ایسی قرض مرحوم کے ذمہ سے معاف ہوجائے گا اور لواحقین کے ذمہ ہوجائے گا دونوں سوال کا تفصیلی جواب دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

(۱) قرض دار نے جب ایک مرتبہ قرض معاف کردیا اب دوبارہ رجوع نہیں کرسکتا بشرطیکہ خود قرض خواہ اسکا اقرار کرتا ہو یا اسکی معافی پر شہادت شرعیہ موجود ہو۔

(۲) جب قرض کی ادائیگی کا ذمہ لواحقین نے اپنے ذمہ لے لیا ہے تو معاف ہونے کی بجائے اسکی ادائیگی انہی کے ذمہ لازم ہوگی۔

فی شرح الأشباه والنظائر: أن الساقط لا يعود (ج ۳ ص ۵۳)۔

وفي شرح المجلة: (اذا ابرأ واحد آخر من حق سقط حقه ذلك وليس له دعوى ذالك الحق) ثم اذا كان ذالك الحق دينا كان سقوطه قضاء وديانة لأن ما في الذمة يقبل الأسقاط (ج ٤ ص ٥٢٦ مادة ١٥٦٢)

واللہ اعلم بالصواب
کتبہ عبدالولی عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
۸ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۹/۴/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۱۰ ربیع الثانی ۱۴۳۵

دار الافتاء
۲۰۳۲۹
۱۴۳۵/۴/۱۱

12/2/14